ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

پریس ریلیز

کراچی 11 جنوری 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ملیر پولیس ایس ایس یو کی جانب سے دیہہ تیسر ٹاؤن میں خفیہ اطلاع پر منظم اور بھرپور کریک ڈاؤن کے نتیجے میں چائینیز قونصلیٹ کی ریکی اور حملے کی منصوبہ میں ملوث پانچ ملزمان کی گرفتاری پر ایڈیشنل آئی جی کراچی اور انکی ٹیم میں شامل تمام پولیس افسران اور جوانوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی اور پولیس پارٹی کے لیئے بیس لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا ہے۔

کراچی 11 جنوری 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے گذشتہ شب چائینیز باشندے کو لوٹنے اور زخمی کرنیوالے دو ملزمان کی گرفتاری اور اس حوالے سے رینج/زون کی سطح پر اٹھائے گئے جملہ اقدامات اور کاوشوں کو سراہتے ہوئے ڈی آئی جی ساؤتھ، ڈی آئی جی حیدرآباد اور انکی ٹیمز کو شاباش دی ہے۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-